Roll No. [| | | | |]   Answer Sheet No. ____________

Sig of Candidate: ____________   Sig: of Invigilator: ____________

StudentBounty.com

ریاضی   ایس ایس سی - I
(HIC)
حصّہ اوّل (کل نمبر: 15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصّہ اوّل لازمی ہے ۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف،ب،ج،د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ایک نقطہ سے کتنے خطوط گزر سکتے ہیں؟

الف: لاتعداد   ب: دو   ج: ایک   د: تین

(ii) $a^3 - b^3 = (a-b)(\ldots\ldots\ldots)$

الف: $a^2 - ab + b^2$ ب: $a^2 + ab + b^2$ ج: $a^2 - ab - b^2$ د: $a^2 + ab - b^2$

(iii) $7 - 4\sqrt{3}$ کا نجوگیٹ کیا ہے؟

الف: $-7 + 4\sqrt{3}$ ب: $-7 - 4\sqrt{3}$

ج: $7 + 4\sqrt{3}$ د: درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(iv) $(4^3)^2 = \ldots\ldots\ldots$

الف: 4^9 ب: 4^6 ج: 4^8 د: 45

(v) کثیر رقمی $9xy$ کا درجہ کیا ہے؟

الف: 9   ب: 2   ج: 4   د: 3

(vi) $(a+b)(a-b) = \ldots\ldots\ldots$

الف: $a^2 + b^2$ ب: $a^2 - b^2$ ج: a^2b^2 د: $a - b$

(vii) $log25$ کا خاصہ کیا ہے؟

الف: ایک   ب: دو

ج: تین   د: درج شدہ میں سے کوہی نہیں

(viii) $\sqrt{25} =$ ________

الف: 5   ب: 5^2 ج: 2^5 د: 10^2

(ix) دو نقاط میں سے ---------- خط کھینچا جا سکتا ہے/ سکتے ہیں۔

الف: صرف ایک   ب: کئی   ج: دس   د: تین

(x) مثلث کے اندرونی زاویوں کا مجموعہ کتنا ہوتا ہے؟

الف: 360° ب: 180^O ج: 90^O د: 110°

(xi) $x^{2/5} . x^{2/5} =$ ________

الف: x^{25} ب: $x^{4/25}$

ج: $x^{5/2}$ د: درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xii) $4 \times 5^\circ =$ ________

الف: 4   ب: 20   ج: 1   د: 5

(xiii) قالب $[1 \quad 3]$ کا مرتبہ کیا ہے؟

الف: 2×1 ب: 1×2

ج: 1×3 د: درج شدہ میں سے کوہی نہیں

(xiv) $\begin{bmatrix} 1 & 0 \\ 0 & 1 \end{bmatrix}$ ایک ---------- قالب ہے۔

الف: واحدانی   ب: نادر

ج: صفری   د: درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xv) $-\frac{2}{3}$ کا جمعی معکوس کیا ہے؟

الف: $\frac{3}{2}$ ب: $\frac{2}{3}$ ج: $\frac{-3}{1}$ د: $-\frac{3}{2}$

....

برائے ممتحن: کل نمبر: [15]   حاصل کردہ نمبر: [   ]

StudentBounty.com

ریاضی ایس ایس سی -I
(HIC)

: 2:40 گھنٹے — کل نمبرحصہ دوم اور سوم:60

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصّہ دوم کے بارہ اجزاء اور حصّہ سوم میں سے کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصّہ دوم(36نمبر)

سوال نمبر2: کوئی سے بارہ(12) اجزاء حل کیجیے۔ تمام اجزاء کے نمبر یکساں ہیں۔ **(12 x 3= 36)**

(i) مختصر کریں $\sqrt{\frac{4}{25}}$

(ii) اس طرح مختصر کریں کہ مخرج میں جذر کی علامت نہ رہے $\frac{\sqrt{6}}{\sqrt{7}}$

(iii) قوت نمائی شکل میں لکھیں $7\times7\times7\times7$-

(iv) اس طرح مختصر کریں کہ قوت نما مثبت ہو $\left(\frac{0}{y}\right)^n$

(v) مختصر کریں: $\frac{4^2}{64}$

(vi) سائنسی ترقیم میں لکھیں 99.99

(vii) لوگارتھمی شکل میں‌لکھیں $4^5 = 1024$

(viii) ترتیب نزولی میں لکھیں $2y^2-4y+3-3y^4+y^3$

(ix) اگر $P(x)=x^3-3x+\frac{1}{2}$ ہو تو $P(x)$ کی قیمت معلوم کریں‌جبکہ $x=2$

(x) جمع کریں $2a^3+2a-a^2-8$, a^3+2a+5 , a^3+2a^2-6a+7

(xi) مناسب کلیہ استعمال کرتے ہوئے قیمت معلوم کریں $(1005)^2$

(xii) کلیات کی مدد سے حاصل ضرب معلوم کریں $(2a+2b)(2a-2b)(4a^2+4b^2)$

(xiii) تجزی کریں z^3+125

(xiv) قالب $\begin{bmatrix} b & a \\ d & c \end{bmatrix}$ میں قطاروں اور کالموں کی تعداد لکھیں ۔ اس کا مرتبہ بھی لکھیں۔

(xv) اگر $B=\begin{bmatrix} 2 & 3 \\ 1 & 4 \end{bmatrix}$, $A=\begin{bmatrix} 5 & 5 \\ 4 & 9 \end{bmatrix}$ اور $O=\begin{bmatrix} 0 & 0 \\ 0 & 0 \end{bmatrix}$ ہو تو $A+B+O$ معلوم کریں

(xvi) قالبوں کا حاصل ضرب معلوم کریں $\begin{bmatrix} 2 & 4 \\ 1 & 3 \end{bmatrix}\times\begin{bmatrix} 1 \\ 7 \end{bmatrix}$

(xvii) حاصل ضرب معلوم کریں $(x+3)(x^2-3x+9)$

(xviii) $P=2x+3y-4z-1$ کو $Q=2y+3x-4z+1$ میں‌سے تفریق کریں۔

حصّہ سوم (کل نمبر 24)

کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔ **(3 x 8 = 24)**

سوال نمبر3: مثلث ABC بنائیں جس میں $m\overline{AB}=4.3cm$, $m\overline{BC}=5.1cm$, $\angle B=75^\circ$

سوال نمبر4: 80° کا زاویہ بنا کر اس کی تنصیف کریں۔

سوال نمبر5: 5.6سم قطعہ خط کی تنصیف کریں۔

سوال نمبر6: ΔABC بنائیں جس میں $BC=4.5cm$, $AB=3cm$ اور $CA=6cm$ ہو۔